کمرے میں تصاویر ہونے کی حالت میں نماز کا حکم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کوئی شخص ایک کمرے میں نماز پڑھتا ہے جس میں جانداروں کی تصاویر ہوں تو اس کی نماز کا حکم کیا ہے۔اگر وہ تصاویر نمازی کے پیچھے ہوں تو پھر اس کی نماز کا کیا حکم ہے اگر اس بارے میں مکمل تحقیق سے جواب عطا فرمادیں تو عنایت ہوگی۔

سائل:نظام فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اگر نمازی کے سامنے کسی جاندار کے پورے قد کی تصویر بطورِ تعظیم لٹکائی گئی ہویا مُصَلّیٰ(جائے نماز) پر سجدہ کی جگہ پر تصویر بنی ہو کہ نماز ی اس پر سجدہ کررہاہو تو نماز مکروہِ تحریمی ہوگی ۔ اگر نمازی کے سامنے جاندار کے نصف قد یا صرف چہرے کی تصویر ہوتو نماز مکروہِ تنزیہی ہے اور اسی طرح اگر وہ تصویر پورے قد کی ہو مگروہ نمازی کے سامنے نہ ہوبلکہ اس کے دائیں بائیں یا پیچھے یا اوپر (چھت یا دیواور وغیرہ پر) بطورِ تعظیم لگائی گئی ہو تو نماز مکروہِ تنزیہی ہوگی اگرچہ ایسے تصویر لگانا مکروہِ تحریمی وناجائز ہے اور ایسے ہی جب تصویر جائے نماز پر سجدہ گاہ کے علاوہ کسی اورجگہ پر بنی ہوئی ہوتو نماز مکروہ تنزیہی ہوگی۔

اور اگر کمرے میں تصویر اتنی چھوٹی ہو کہ زمین پر رکھ کر کھڑے ہوکر دیکھنے سےا عضاء کی تفصیل نظر نہیں آتی یا تصویر موضح اہانت (زمین یا بچھے ہوئے قالین و بچھونے)پر ہے یا تصویر کا چہر مٹایا یا کاٹاہوا ہے یا تصویر کسی کپڑے میں چھپی ہوئی ہے یا غیر جاندار کی تصویر ہے تو ان سب صورتوں میں اس کمرے میں نمازی کی نماز بلاکراہت جائز ہے۔

اگر تصویر نصف قد کی ہو اگرچہ اسے بطورِ تعظیم لگانا یالٹکانا مکروہِ تحریمی ہیں مگرایسی تصویر والے کمرے میں نماز پڑھنا مکروہِ تنزیہی ہوگی جیسا کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن جدالممتار میں فرماتے ہیں۔

"فتعلیق امثال صور النصف او وضعھا فی القرازات وتزیین البیت بھا کما ھو متعارف عندالکفرۃ و الفسقۃکل ذالک مکروہ تحریما و مانع عن دخول الملائکۃ وان لم تکرہ الصلاوۃ ثم تحریماً بل تنزیھاً"

ترجمہ:پس نصف قد کی تصوریروں کا لٹکاناپھر ان کا خزانوں میں رکھنا اور ان کے ساتھ گھر کو مزین کرنا وغیرہ جیسا کہ کفار و فساق میں عام ہے یہ تمام کام مکروہِ تحریمی ہیں اور فرشتوں کے دخول کو مانع ہیں اگرچہ اس سے نماز مکروہِ تحریمی نہیں ہوگی بلکہ مکروہ تنزیہی ہوگی ۔

(جدالممتار ج2 ص366 مکتبۃ المدینہ)

اگر تصویر سجدہ کی جگہ کے علاوہ کسی اور جگہ پر ہو تو نماز مکروہ تنزیہی ہے جیسا کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فتاوی رضویہ میں فرماتے ہیں۔

الصلٰوۃ علی سجادۃ فیھا تصاویر اذا لم یسجد علیھا نفی الامام محمد الکراھۃ فی الجامع الصغیر، واثبتھا فی الاصل والکل صحیح بالتوزیع ای یکرہ تنزیھا لاتحریما" ایسی جانماز پرنمازپڑھنا کہ جس میں تصویریں ہوں جبکہ ان پرسجدہ نہ کرے تو اس صورت میں حضرت امام محمد نے جامع صغیر میں کراہت کی نفی فرمائی۔ لیکن کتاب الاصل میں کراہت کو ثابت کیاہے، اور یہ سب کچھ بلحاظِ توزیع (تقسیم) صحیح ہے یعنی نماز مکروہ تنزیہی ہوگی نہ کہ تحریمی۔

(فتاوی رضویہ مخرجہ ج24 ص614)

اور اگر تصویر موضع اہانت میں ہوتو نماز بلاکراہت جائز جیسا کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فتاوی رضویہ میں فرماتے ہیں۔نعم فی بساط غیرہ لایکرہ اذاصلی علیہ ولم یسجد علیھا وان لم تکن تحت قدمیہ بل ولوکانت امامہ لوجودالاھانۃ مطلقا مع عدم التعظیم" ہاں کسی دوسرے تصویروالے بچھونے پرنمازپڑھے او رتصویر پرسجدہ نہ کرے تو کراہت نہ ہوگی اگرچہ تصویر اس کے قدموں کے نیچے نہ ہو، بلکہ اگرچہ تصویر اس کے آگے ہی ہو اس لئے کہ اس حالت میں مطلقاً توہین پائی گئی تعظیم کسی وجہ سے بھی نہیں۔

(فتاوی رضویہ مخرجہ ج24 ص616)

پتا چلا کہ جس کمرے میں تصویر ہو تونماز صرف دو ہی صورتوں میں مکروہِ تحریمی ہوگی ۔(1)جب یہ تصویر کسی جاندار کی مکمل تصویرہوں اور تعظیماً نمازی کے سامنے والی دیوار پر لٹکائی گئی ہو(2)جب نمازی کے سجدہ کی جگہ پر ہو کہ وہ اس پر سجدہ کرتا ہو۔ اس تحقیق کو یاد کرنے سے تصویر سے متعلقہ بہت سے فرعی مسائل کو حل کیا جاسکتا ہے۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

RULING ON PRAYING IN A ROOM CONTAINING PICTURES

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

Question:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: A person offers *salah* (the ritual prayer) in a room containing pictures of living objects. What is the ruling on his prayer? What is the ruling if the pictures were placed behind the person offering *salah*? It would be very kind of you if you would provide an answer with a complete research on this issue.

Questioner: Nizam from England

Answer:

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

If a full-body picture of a living object is hung—out of respect—in front of the one offering *salah*, or there is a picture on the place of *sajdah* (prostration) in the praying area, and the person is prostrating on it, then the *salah* is *makruh tahrimi* (prohibitively disliked). If there is a half-body picture or that of only the face, in front of the one offering *salah*, then it is *makruh tanzihi* (disliked but neither forbidden nor recommended). If a full-body picture is not in front of the one offering *salah*, but rather on the right or left, or on the top (on a wall or the ceiling), or behind, and is placed out of respect, the *salah* will be *makruh tanzihi*, even though putting up such pictures is *makruh tahrimi* and impermissible. Similarly, if there is a picture in the prayer area other than the spot of *sajdah*, it is *makruh tanzihi*.

If the picture is so small that the details of its parts are not visible if it is kept on the ground and seen whilst standing, or if it is in a place of disrespect (on the ground or carpet), or if the facial part of the picture has been rubbed or cut off, or if it is hidden in a cloth, or if it is of a non-living object, then in all these cases praying in the room is permissible without any dislike.

If the room contains a half-body picture, it will be *makruh tanzihi* to offer salah in such a room, even though hanging such pictures out of respect is *makruh tahrimi*. Imam Ahmad Rida Khan states in this regard:

فتعليق امثال صور النصف او وضعها فى القرازات وتزيين البيت بها كما هو متعارف عندالكفرة و الفسقةكل ذالک مکروه تحريما و مانع عن دخول الملائكة وان لم تكره الصلاوة ثم تحريماً بل تنزيهاً

Translation: “Hanging of half-body pictures, keeping them in treasures, decorating the house with them, etc., like it is popular among the disbelievers and sinners, are all *makruh tahrimi* and are acts that stop the angels from entering the home. However, the *salah* offered will not be *makruh tahrimi*, but it will be *makruh tanzihi*.” [Jadd al-Mumtar, vol. 2, pg. 366, Maktabat al-Madinah]

If the picture is in a spot other than that of performing the *sajdah*, then the *salah* is *makruh tanzihi*. Imam Ahmad Rida Khan (may Allah have mercy upon him) states:

الصلٰوة على سجادة فيها تصاوير اذا لم يسجد عليها نفى الامام محمد الكراهة فى الجامع الصغير، واثبتها فى الاصل والكل صحيح بالتوزيع اى يكره تنزيها لاتحريما

Translation: “In al-Jami’ al-Saghir, Imam Muhammad has negated the *karahah* (dislike) of *salah* offered on a prayer mat containing pictures that one does not prostrate upon. However, its *karahah* has been proven in Kitab al-Asl. All of this is correct according to classification. The salah will be *makruh tanzihi* and not *makruh tahrimi*.” [Fatawa Ridawiyyah, vol. 24, pg. 614]

If the picture is in a place of disrespect, then *salah* is permissible without any *karahah*. Imam Ahmad Rida Khan (may Allah have mercy upon him) states:

نعم فى بساط غيره لايكره اذاصلى عليه ولم يسجد عليها وان لم تكن تحت قدميه بل ولوكانت امامه لوجودالاهانة مطلقا مع عدم التعظيم

Translation: “If one offers *salah* on a mat with a picture and does not prostrate on the picture, then there is no *karahah*. (This holds true even if) the picture is not under his feet but is in front of him, because in this case there is absolute disrespect of the picture and no veneration in any sense.” [Fatawa Ridawiyyah, vol. 24, pg. 616]

Thus, we conclude that when there is a picture in the room, *salah* will be *makruh tahrimi* in only two cases:

1. If it is a full-body picture of a living object and is hung—out of respect—in front of the one offering *salah*.
2. If the picture is on the spot of prostration and the person praying prostrates on it.

If this research is considered, a lot of secondary issues concerning pictures can be solved.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by the SeekersPath Team